برِج کورس ۲۰۲۳ء - اُردو - نویں جماعت - بعد کی جانچ (Post Test)

جماعت : نویں (IX) | نمبرات : 30/.........

طالب علم کا نام : .... حاضری نمبر : ....

اسکول کا نام : ....

سوال ۱ : درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور دی گئی سرگرمیوں کو ہدایت کے مطابق حل کیجیے۔

حضرت علیؓ کی سب سے نمایاں خصوصیت ان کا استغنا اور دنیا سے بے رغبتی ہے۔عیش و آرام کے تمام اسباب ان کے قدموں میں تھے۔حکومت کے پورے اختیارات اور مال و دولت کے سارے وسائل انھیں حاصل تھے۔لوگوں کی طرف سے تعظیم وتکریم میں کمی نہ تھی اور نہ کوئی ان کا محاسبہ کرسکتا تھا، پھر بھی وہ دنیا کے عیش و آرام اور تکلّفات سے بالکل ہی بے نیاز رہے۔

ایک مرتبہ حضرت علیؓ کی خدمت میں فالودہ پیش کیا گیا تو وہ اس سے یوں مخاطب ہوئے، ”تیری خوشبو اچھی ہے، رنگ حسین ہے، تو لذیذ ہے مگر میں نہیں چاہتا کہ نفس کو ایسی چیز کا عادی بنالوں جس کا وہ اب تک عادی نہیں ہے۔“

الف) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خوبیاں لکھیے۔ **(2)**

....

....

ب) حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں فالودہ پیش کیا گیا تو آپ نے کیا فرمایا؟ **(2)**

....

....

ج) اقتباس سے ’واوِ عطف‘ والے الفاظ تلاش کر کے لکھیے۔ **(2)**

....

....

سوال ۲ : درج ذیل نظم کا بغور مطالعہ کر کے نیچے دی ہوئی سرگرمیاں مکمل کیجیے۔

بڑے الم اُٹھا چکے بہت فریب کھا چکے
ہجومِ غم میں کھو چکے تباہ حال ہو چکے
رضا پہ سر جھکا چکے نصیب آزما چکے

سکوں میں آگ لگ چکی　　متاعِ جاں سلگ چکی
نظر اُداس ہوچکی　　شکار یاس ہوچکی
جفا کی حد بھی ہوچکی　　وفا کی حد بھی ہوچکی
بس اب جفا و جور کی کلائیوں کو تھام لو
قدم بڑھاؤ دوستو

الف) درج ذیل الفاظ کے قافیے تلاش کر کے لکھیے۔ (1)

ا۔ اُداس - ....　　۲۔ وفا - ....

ب) درج ذیل مفہوم کے لیے شعر لکھیے۔ (2)

ا۔ غموں کی بھیڑ میں برباد ہو گئے۔ ....

....

۲۔ دلوں میں خوف کیوں ہے اور نظر میں مایوسی کیوں ہے؟ ....

....

ج) ایک جملے میں جواب لکھیے۔ (1)

شاعر نظم میں کس کی کلائیاں تھامنے کو کہہ رہا ہے؟

....

سوال ۳ : درج ذیل جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کی جگہ مناسب محاورہ لکھیے۔ (2)

ا۔ ہرنی کو دیکھ کر کنور اودے بھان بہت خوش ہو گیا۔ ....

۲۔ دیکھتے دیکھتے ہرنی غائب ہوگئی۔ ....

سوال ۴ : کہانی مکمل کیجیے۔ (4)

بارہ سنگھا... پانی میں عکس دیکھنا... سینگوں کو دیکھ کر خوش ہونا... پتلی پتلی ٹانگوں کو دیکھ کر افسوس کرنا... شکاری کا پیچھا کرنا... سینگوں کا جھاڑیوں میں اُلجھنا... بڑی مشکل سے چھڑانا ... شکاری کے قریب آنے سے پہلے بھاگنا ... دور نکل جانا ... جان بچنا ... اللہ کا شکر ادا کرنا۔

....

....

....

....

....

....

سوال ۵ : ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر ۸۰ تا ۱۰۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ (5)

ا۔ تعلیمِ نسواں ۲۔ انٹرنیٹ کے اثرات

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

سوال ٦ : درج ذیل غزل کا بغور مطالعہ کر کے نیچے دی ہوئی سرگرمیاں مکمل کیجیے۔ (5)

کچھ تو فکرِ عقبیٰ کر یوں مت دنیا دنیا کر
خوئے وفا کو اپنا کر دشمن کو شرمندہ کر
دریاؤں سے ناتا توڑ کہساروں میں رستا کر

نیک کمائی محنت کی   اپنا خون پسینا کر
خانۂ دل میں پیار بسا   بغض و حسد کو چلتا کر
تیرا سایہ ، ساتھی ہوں   میری مان ، بھروسا کر
زندہ تیرا نام رہے   اعجاز اب کچھ ایسا کر

۱۔ غزل کے اس شعر کو نقل کیجیے جس میں حلال کمائی کا ذکر کیا گیا ہے؟ ....

....

۲۔ غزل سے مقطع کا شعر تلاش کر کے لکھیے۔ ....

....

۳۔ معنی لکھیے : خون پسینا کرنا = ...

سوال ۶ : اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر کو درخواست لکھیے اور اپنے خارجہ سرٹیفکیٹ کی درخواست کیجیے۔ (3)

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....